پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

17 مئی 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت پدم شری ڈاکٹر وِٹھل راؤ ویکھے پاٹل کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، ناسک، مہاراشٹر، مدت کار میں توسیع

ریزرو بینک آف انڈیا نے مفاد عامہ میں بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) سیکشن 35A کے ذیلی سیکشن (ا) کو سیکشن 56 میں جوڑ کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے پدم شری ڈاکٹر وِٹھل راؤ ویکھے پاٹل کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، ناسک، مہاراشٹر کو ہدایات جاری کر کے 19 مئی 2018 کو کہا تھا کہ اپنا کاروبار بند کر دے۔ ریزرو بینک آف انڈیا نے اب اپنی ہدایات میں چار ماہ کی توسیع کرتے ہوئے پابندی 19 مئی 2019 سے 17 ستمبر 2019 تک بڑھا دی ہے۔ حکم نامہ کی ایک کاپی مفاد عامہ میں بینک کے احاطہ میں لگائی جائے گی۔ ریزرو بینک آف انڈیا حالات کے مطابق اپنی ہدایت میں تبدیلی کر سکتا ہے۔ ہدایات کے اجراء کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا نے اس بینک کا بینکنگ لائنس ہی منسوخ کر دیا ہے۔ بینک اپنی مالی حالت بہتر ہونے تک پابندی پر عمل کرتے ہوئے بینکنگ کاروبار جاری رکھ سکے گا۔

شیلجا سنگھ
ڈپٹی جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2018-2019/2735